R.NO :1008
Passed ~~Notice No 1175~~

قرارداد 1008

منجانب: عائشہ بانو (ممبر صبائی اسمبلی)

دورانِ زچگی زچہ یا بچہ کی اموات کی شرح پر قابو پانے کے لئے اور ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے مڈوائف اور برتھ آٹینڈنٹس کا کردار خاصی اہمیت کا حامل ہے اور اس وجہ سے مڈوائفری کے شعبے کی اہمیت پوری دُنیا میں تسلیم شدہ ہے۔ دُور دراز کے دیہات، قصبہ جات اور چھوٹے شہروں میں جہاں بالعموم خواتین ڈاکٹرز یا گائناکالوجسٹس کی رسائی ممکن نہیں، وہاں مڈوائوز زچگی کا فریضہ انجام دیتی ہیں۔ روایتی اور خاندانی دائیوں کے برعکس ایک مڈ وائف زچگی کے نارمل کیس باآسانی ہینڈل کرسکتی ہے۔ اور کسی پیچیدگی کی صُورت میں فوری طور پر کیس مستند معالج کو ریفر کرنے کی پابند بھی ہوتی ہے۔

لہذا صوبائی اسمبلی کا یہ ایوان، حکومت سے اس امر کی سفارش کرتی ہے کہ مڈوائوز اور برتھ آٹینڈنٹس کے انتہائی اہم کردار کو مد نظر رکھتے ہوئے ان کے لئے جدید خطوط پر باقاعدہ تربیتی کورس متعارف کیا جائے جس میں تولیدی صحت، خاندانی منصوبہ بندی اور صنفی تشدد سمیت اہم مضامین کو شامل کیا جائے۔ تاکہ معاشرتی سطح پر ان بنیادی اور اہم مسائل کو حل کرنے کے لئے کمیونٹی مڈوائوز کو بہتر طور پر تیار کیا جاسکے۔ ساتھ ہی زچگی کے لئے جراثیم سے پاک اور ڈسپوزایبل برتھ کٹس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور مڈوائوز اور برتھ آٹینڈنٹس کو ان کی استعمال کے لئے پابند کیا جائے۔

Ayesha Bano

15 Th
1175
2:20
8/1/2021

Adopted Unanimously
12/01/2021
4:15

Health